ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(663)

مورخہ 13.12.2023

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی۔چوری کی مختلف وارداتوں میں ملوث مبشری گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹرسائیکل اورنقدرقم برآمد۔شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم پر قابو پانا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی "عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپورسید محمد عباس کی قیادت اور کامیاب پولیسنگ کے تحت نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے،تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی۔ایس ایچ اوتھانہ قائم پورمحمد احمد چیمہ اورٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے اورروائتی طریقہ تفتیش کو اپناتے ہوئے ہوئے شب وروز کی محنت کے بعد چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث مبشری گینگ کا سرغنہ معین مبشر کو اپنے ساتھیوں ندیم اوردلشادسمیت گرفتار کرلیا۔ملزمان نے دوران انٹروگیشن قائم پور کے علاوہ دیگر اضلاع میں بھی چوری کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کا اعتراف کیا۔ملزمان کی نشاندہی پر لاکھوں روپے مالیتی 11 عدد چوری شدہ موٹرسائیکلز اور مبلغ -/8,74000 روپے نقدرقم برآمد کرلی۔مال مسروقہ کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا جارہا ہے۔اس حوالے سے ڈی پی اوسید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کررہی ہے،اگرکوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کوٹریس کرنا اورشہریوں کا لوٹا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک اہم ٹاسک ہوتا ہے۔جرائم پیشہ افراد کو ہرصورت کیفرکردارتک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس کامیاب کارروائی پر ایس ایچ اوقائم پوراوران کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی۔چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث مبشری گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار،لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل اورنقدرقم برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(664)

مورخہ 13.12.2023

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان صدام حسین ، سادھورام اور منظور رام کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 90 لیٹر شراب برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ بغداد الجدید، تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ عنائتی پولیس نے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03 ملزمان وقاص اکبر ،عدیل عرف سونو اور ارشاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 38 گرام کرسٹل آئس اور 1980 گرام چرس برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد